© rasailojaraid.com



مفکر اسلام مولانا سید ابوالحسن علی ندوی مدظلہ

# دیارِ غیر میں رہنے والے مسلمانوں سے خطاب

عصر حاضر میں اسلام کے عظیم داعی اور مفکر حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی نے کئی سال پہلے کینیڈا کے دورے کے موقع مسلمانوں سے جو فکر انگیز اور بصیرت افروز خطاب فرمایا اس میں دنیا بھر کے تارکین وطن مسلمانوں کے لئے بہت بڑا پیغام ہے۔ مولانا کی یہ تقریر قارئین کی نذر ہے۔ (مدیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یعبادی الذین امنوآ ان ارضی واسعة فایای فاعبدون (سورۃ العنکبوت)

ترجمہ: اے میرے ایماندار بندو! میری زمین فراخ ہے، سو خاص میری ہی عبادت کرو۔

## ذرائع اور مقاصد:۔

میرے بھائیو اور بہنو! اللہ تعالیٰ کے یہاں انسان کی زندگی کا مقصد بندگی ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی صحیح معرفت اور اس کے احکام کے مطابق زندگی گزارنا اور آخرت کے لئے کوشش اور اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے پر چل کر اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا اصل مقصد یہ ہے۔ اس کے علاوہ جتنی چیزیں ہیں سب وسائل اور ذرائع ہیں۔ مقصد اور ذریعہ کا مطلب آپ سمجھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے قرب کے ذرائع کو تلاش کرنا، مناسب احول تیار کرنا، قوت نافذہ حاصل کرنا، تاکہ اللہ تعالیٰ کی حکمتوں پر عمل آسان ہو جائے اور کوئی مجبوری کی شکایت نہ کر سکے اور کوئی دوسری طاقت اور دوسرا اقتدار اس میں خلل اندازی نہ کر سکے اور اس کے مقابل دوسری کوئی متوازی دعوت نہ دے سکے۔ اس کو قرآن مجید نے اپنے معجزانہ الفاظ میں بیان کیا ہے۔ حتی لا تکون فتنة ویکون الدین کلہ للہ (الانفال. ۳۹)

ترجمہ: (اور تم ان کفار سے) اس حد تک لڑو کہ ان میں فساد عقیدہ (یعنی شرک) نہ رہے اور دین (خالص) اللہ ہی کا ہو جائے۔ یہاں تک کہ کشمکش جاتی رہے یعنی دو طاقتوں کے درمیان جو تصادم، ٹکراؤ (CLASH) ہوتا ہے وہ جاتا رہے۔ جس کی وجہ سے لوگ خواہ مخواہ انتشار میں پڑیں (CONFUSION) کا شکار ہوں کوئی کہے اُدھر چلو کوئی کہے ادھر چلو۔ ویکون الدین کلہ للہ ترجمہ: اور دین (خالص) اللہ ہی کا ہو جائے۔

یعنی طاقت و فرمانبرداری صرف اللہ تعالیٰ کی ہو۔ اسی کے لئے دعوت کا کام ہے، اسی کے لئے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ہے۔ ضرورت ہو اور وقت آئے تو جہاد ہے۔ اسی کے لئے اسلام کو ایسی طاقت مہیا کرنا اور اقتدار پر لانا ہے کہ کمزور لوگوں کو بھی اللہ کے بتائے ہوئے راستے اور اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے ہوئے راستے پر چلنا ایسا مشکل نہ ہو جائے کہ وہ کہیں کہ:

لا یکلف اللہ نفساً الا وسعھا (البقرہ ۲۸۶)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ کسی شخص کو مکلف نہیں بناتا مگر اسی کا جو اس کی طاقت اور اختیار میں ہو۔

**اصل مقصد اللہ کی بندگی:** ان تمام ذرائع کا مقصد اللہ کی بندگی ہے۔

**وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون (الذاریت ۵۶)**

ترجمہ:۔ اور میں نے جن اور انسان کو اسی واسطے پیدا کیا ہے کہ میری عبادت کیا کریں۔

اس کے بارے میں ذہن تو پورے طور پر صاف کر لینا چاہیے میں نے یہاں یورپ میں پڑھے لکھے لوگوں کے ذہن میں اچھا خاصا الجھاؤ پایا کہ وہ ذرائع اور مقاصد کے درمیان فرق نہیں کر پاتے، مقصد صرف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو راضی کیا جائے اور اللہ تعالیٰ نے جو زندگی دی ہے، صلاحیتیں دی ہیں، انہیں ہم ایسے کاموں میں استعمال کریں۔ کہ اللہ تعالیٰ ہم سے راضی ہو اور زندگی کا مقصد پورا ہو۔ آخرت میں اللہ تعالیٰ ہم سے خوش ہو اور ہمیں اپنا قرب عطا فرمائے اور ہم اس کے سامنے سرخرو اور جنت میں ہمیں او نچے سے اونچا مقام حاصل ہو۔ یہ اصل مقصد ہے۔ یہ مقصد اگر کہیں پورا ہو رہا ہے تو بہت مبارک ہے اور اگر یہ مقصد خاص اپنے وطن میں پورا نہ ہو تو اسے خیر باد کہنا چاہیے۔ وطن جہاں آدمی پیدا ہوا ہے اور اس کے ذرہ ذرہ سے اسے محبت ہے اور جہاں آدمی پیدا ہوا ہے۔

خار وطن از سنبل و ریحان خوشتر

وہ چیزیں جو فطری طور پر آدمی کو محبوب ہوتی ہیں۔ وہ ساری وطن میں موجود ہوتی ہیں۔ لیکن مجھے یہ کہنا ہے کہ اگر وطن میں خدا کی بندگی نہ ہو سکے اور خدا کے احکام پر نہ چل سکے تو وطن کو دور سے سلام کرنا چاہیے۔ کہ خدا حافظ

**حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت:**

حتیٰ کہ مکہ مکرمہ کی سرزمین کہ جس کے اندر قدرتی طور پر ایسی محبوبیت اور دل آویزی ہے کہ اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے: **فاجعل افئدۃ من الناس تھوی الیھم (ابراھیم ۳۷)**

ترجمہ:۔ تو آپ کچھ لوگوں کے قلوب ان کی طرف مائل کر دیجئے۔

اے اللہ لوگوں کے دلوں کو ایسا کر دے کہ جیسے مقناطیس سے لوہا کھنچتا ہے ایسے یہ لوگ کھنچتے رہیں۔

محبوبیت حرم شریف اور اس میں بیت اللہ، آب زمزم، اس میں صفا اور مروہ پھر اس کے نزدیک منیٰ اور عرفات لیکن جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ یہاں مسلمانوں کے لئے خدا کی بندگی مشکل ہو رہی ہے تو فرمایا حبشہ چلے جاؤ۔ یہ کیوں فرمایا؟ دین پر قائم رہنے کے لئے فرمایا کہ یہاں نماز نہیں پڑھ سکتے، خدا کی عبادت نہیں کر سکتے ان کا سر زبردستی بتوں کے سامنے جھکا دیا جاتا ہے، ان کے سامنے خدا کی توہین کی جاتی ہے، زبردستی ان سے کفر کرانے کی کوشش کی جاتی ہے تو فرمایا کہ حبشہ چلے جاؤ۔ دو مرتبہ حبشہ کو ہجرت ہوئی۔ آخر میں خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہوا کہ مکہ چھوڑ دو اور مدینہ چلے جاؤ۔ اللہ کے نام پر مکہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


جیسا شہر چھوڑا جاسکتا ہے تاکہ خدا کی عبادت آزادی کے ساتھ ہوسکے۔ تو دنیا کے اور شہر کس شمار و قطار میں ہیں۔ نیویارک و لندن ہو یا ٹورنٹو اور شکاگو ہو، دہلی ہو، لکھنؤ ہو، کوفہ ہو، بصرہ ہو، اندلس و قرطبہ ہو یا قاہرہ و دمشق ہو۔ اصل یہ ہے کہ جہاں اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کیا جاسکتا ہو وہ جگہ محبوب ہے اور رہنے کے قابل ہے۔

مجھے کہنا یہ ہے کہ میں یہاں آیا، میں نے یہاں بہت سے شہر دیکھے، یونائیٹڈ اسٹیٹ امریکہ اور اپنے بھائیوں کا قریب سے جائزہ لیا ہے، اب آپ کے یہاں کنیڈا آیا ہوں۔

ایک طرف تو مجھے مختلف ممالک کے مسلمانوں کو دیکھ کر خوشی ہوئی۔ فطری بات ہے کہ آدمی کو اپنے ہم جنس اور ہم مذہب لوگ ملتے ہیں تو خوشی ہوتی ہے لیکن دوسری طرف اس بات سے ڈرتا ہوں کہ کیا آپ کو یہاں پورے طور پر اسلامی زندگی گزارنے کا موقع ہے اور کیا آپ کی آئندہ نسلیں اسلام پر قائم رہیں گی؟ آپ کے اندر جو اسلامی جذبہ تھا کیا وہ ویسا ہی روشن اور فروزاں رہے گا؟ یہ بات سوچنے کی ہے، آپ برا نہ مانیں۔ یہاں ہمارے اکثر بھائی مادی اغراض سے آئے ہیں۔ ہمارے ایک بھائی نے کہہ بھی دیا تھا کہ "صاحب ہم تو یہاں کمانے کھانے کے لئے آئے ہیں۔"

یہ کوئی حرام بات نہیں ہے، کوئی گناہ کی بات نہیں ہے، لیکن جہاں خالص مادیت کی زندگی اور غفلت کا دور دورہ ہو وہاں جانے میں تو خیر حرج نہیں لیکن وہاں رہنے کا فیصلہ کرنا یہ بات سوچنے کی ہے۔ میں آپ سے صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ کو یہ اطمینان ہے کہ آپ یہاں اپنی زندگی اللہ تعالیٰ کی منشا کے مطابق گذار سکتے ہیں اور دعوت کے کام میں مشغول ہیں اور یہاں آپ کے رہنے سے دین کو فائدہ پہنچ رہا ہے اور اس بات پر آپ کا دل گواہی دے کہ آپ اپنا ایمان بھی بچا رہے ہیں اور دوسروں کے ایمان کی فکر بھی کر رہے ہیں اور بقدر ضرورت معاشی جدوجہد میں مشغول ہیں تب تو ٹھیک ہے۔ میں بھی کہوں گا کہ آپ کا رہنا مبارک ہے۔ شاید آپ کے ذریعہ سے اللہ یہاں ہدایت عام کرے اور اسلام کی روشنی پھیلائے اور یہ خطہ کبھی اسلام کی دولت و سعادت سے ہمکنار ہو جائے یہ کوئی تعجب کی بات نہیں۔ ملک عرب کے سوداگر جب مشرق بعید، انڈونیشیا، ملیشیا اور بحر ہند کے جزیروں پر پہنچے تو جزیرے کے جزیرے مسلمان ہو گئے اور وہاں آج مسلمانوں کی کھلی ہوئی اکثریت ہے۔ آپ تحقیق و مطالعہ کریں گے تو معلوم ہوگا کہ اسلام زیادہ تر عرب تاجروں کے ذریعہ پھیلا، یا پھر صوفیاء کرام کے ذریعہ پھیلا۔

ہمارے برصغیر میں بھی سندھ وغیرہ کے علاقوں میں یا مسلم اکثریت کے علاقے مثلاً کشمیر و مشرقی بنگال صرف صوفیاء کرام کے شرمندۂ احسان ہیں۔ یہاں رہنے کے بعد اپنے ایمان اور اپنی آئندہ نسلوں کے اسلام کی حفاظت کا انتظام اور اطمینان آپ نے کر لیا ہے اور یہاں رہ کر آپ دعوت کا کام کرتے ہیں جو دوسروں کے لئے کشش کا باعث ہو تو آپ کے یہاں رہنے کا جواز ہی نہیں بلکہ یہ بہت بڑا جہاد ہے اور بہت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بڑی خدمت ہے۔

اگر ایسا نہیں ہے اور آپ کا مطمح نظر صرف کھانا کمانا ہے تو یہ مقصد مسلمانوں کے مقام سے میل نہیں کھاتا، صرف کھانے کمانے کے لئے اتنی دور دراز کی مسافت طے کرنا کسی مسلمان کے شایان شان نہیں۔

اللہ تعالیٰ کی رزاقی، جغرافیائی حد بندی کی پابند نہیں، میں یہ سراسر عملی باتیں کر رہا ہوں۔ علمی نکات اور موشگافیاں کسی اور موقع پر کوئی عالم بتائیں گے۔ میں نے جو کچھ یہاں دیکھا اس کی روشنی میں یہ چند عملی باتیں بے تکلف عرض کر رہا ہوں۔ اگر آپ کی زندگی اور آپ کا یہاں قیام اسلام کے لئے مفید ہے اور اس کی راہ ہموار کرنا ہے تو میں فتویٰ دیتا ہوں کہ آپ کا یہاں رہنا نہ صرف جائز بلکہ ایک عبادت ہے۔ اگر اپنے ایمان اور بچوں کی دینی زندگی کی طرف سے اطمینان نہیں تو مجھے اس سے بہت ڈر معلوم ہوتا ہے کہ نہ جانے یہاں کس حالت میں موت آئے۔ ہم خدا کو کیا جواب دیں گے کہ صرف کھانے کمانے کے لئے وہاں گئے تھے۔ یہ نہ اسلامی کردار ہے نہ مسلمان کی شان ہے۔ ہاں اگر آپ نے یہ انتظام کر لیا کہ آپ کے ایمان پر ذرہ برابر آنچ نہ آئے، آپ کسی دینی دعوت اور اسلام کی تبلیغ کرنے والی تنظیم میں شریک ہیں، آپ نے ماحول بنایا ہے، کوئی ایسا حلقہ بنایا جس میں دینی باتیں ہوتی ہیں اور تذکیر ہوتی ہے، آخرت کی فکر ہوتی ہے۔ آپ یہاں غیر مسلموں کے سامنے ایسی زندگی پیش کر رہے ہیں جس میں (CHARM) کشش ہے اور آپ نے اپنے بچوں کی دینی تعلیم کا انتظام کر لیا ہے۔ یہ بہت اہم بات ہے۔ قیامت کے دن بچوں سے جب پوچھا جائے گا کہ تم کیسے اس حالت میں آئے ہو کہ نہ ہمارا نام جانتے ہو نہ ہمارے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کا نام جانتے ہو، نہ نماز جانتے ہو، تو وہ کہیں گے کہ ہمارے پروردگار ہم نے اپنے بڑوں کی بات مانی، انہوں نے جس راستے پر لگایا اس راستے پر ہم لگ گئے۔ انہوں نے ہمیں کہیں کا نہیں رکھا۔ قرآن مجید میں آتا ہے: ربنا انا اطعنا سادتنا وکبراءنافاضلونا السبیلا (الاحزاب ٦٧)

ترجمہ: اے ہمارے رب ہم نے اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کا کہنا مانا تھا، سو انہوں نے ہم کو (سیدھے) راستے سے گمراہ کیا تھا۔

آپ کے بچے بیشک اسکول جاتے ہوں گے لیکن کیا آپ نے ان کے لئے ایک وقت مقرر کیا ہے۔ جس میں توحید و رسالت اور دین کی تعلیم حاصل کریں؟ جس کے بغیر آدمی مسلمان ہو نہیں سکتا اور آپ انہیں بتائیں۔ یاایھاالذین آمنوا قوا انفسکم واھلیکم ناراً (التحریم ٦)

ترجمہ:۔ اے ایمان والو تم اپنے کو اور اپنے گھر والوں کو (دوزخ کی) اس آگ سے بچاؤ۔

خبردار! اسلام کے علاوہ کسی اور راستے پر مرنا حرام ہے۔ کسی مسلمان بچے کی دینی تعلیم و تربیت کے بغیر زندگی سے اس کی موت بہتر ہے۔ ولا تموتن الا وانتم مسلمون. (آل عمران ١٠٢)

ترجمہ: اور بجز اسلام کے اور کسی حالت پر جان مت دینا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس صاف گوئی پر مجھے معاف کریں لیکن یہ عملی چیزیں جنہیں یہاں رہ کر آپ کو برتنا ضروری ہے۔ بچوں کی تعلیم اور یہاں اسلامی ماحول بنانے میں اگر آپ تھوڑا سا وقت دیتے ہیں تو آپ یہاں رہیے۔ شاید اللہ تعالیٰ نے اسی کے لئے آپ کو یہاں بھیجا ہے۔

ہندوستان و پاکستان اور ایشیائی ممالک سے ذہین نوجوانوں کی جو ار بھاٹا کی طرح کی جو لہریں چلی آرہی ہیں وہ یہاں کا رخ کر رہے ہیں تاکہ اپنا دامن اور جھولی بھر لیں تو ان ملکوں کا کیا ہوگا جہاں سے اچھے تعلیم یافتہ اور ذہین لوگ مادی منافع کے خاطر اپنے ملکوں کو چھوڑ دیں، میں ان لوگوں کا یہاں رہنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے اپنے ایمان کی حفاظت اور غیر مسلموں میں دینی دعوت کو اپنا مقصد بنایا۔

## چند عبرت انگیز واقعات

ورنہ یہاں تو یہ حال ہے کہ یہاں بوسٹن میں مقیم ہمارے ایک عزیز مولوی مدثر ندوی نے کہا کہ یہاں ایک حاجی صاحب کا انتقال ہو گیا ہے۔ تو انہیں فون آیا کہ آخری رسوم میں شریک ہوں۔ وہاں پہنچ کر انہوں نے دیکھا کہ لاش کو تابوت میں رکھا ہے، سوٹ پہنایا ہوا ہے، ٹائی لگی ہے، سونے کی انگوٹھی پہنائی ہوئی ہے، عیسائی مرد، عورتیں آرہے ہیں۔ اور Kiss کر رہے ہیں، تابوت پر پھول ہار وغیرہ ڈال رکھے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس نوجوان کی عمر میں برکت دے، آخر عربی مدرسوں میں پڑھنے سے فائدہ ہی ہوتا ہے۔ اس نے ان مرحوم کے لڑکے کو بلایا اور کہا کہ میں جانتا ہوں، انہوں نے پوچھا کیوں؟ وجہ یہ ہے کہ میں جو کچھ کہوں گا آپ کریں گے نہیں۔

ان صاحب نے کہا کہ ہم نے آپ کو بلایا ہے۔ ہم آپ کی بات مانیں گے۔ مولوی مدثر نے کہا کہ پہلے تو ان کا سوٹ اتاریئے، لوگوں کو یہاں سے علیحدہ کیجئے، ہم ان کو شرعی طریقہ سے غسل دیں گے، کفن پہنائیں گے۔ یہ انگوٹھی بھی نکال دیجئے۔ ان صاحب نے کہا انگوٹھی نہ اتاریئے گا ورنہ ہماری والدہ کا ہارٹ فیل ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم انگوٹھی ضرور علیحدہ کریں گے۔ اگر آپ کی والدہ کے ہارٹ فیل کا خطرہ ہو تو انہیں نہ بتائیے۔ خیر وہ راضی ہوئے۔

وہ تو اتفاق تھا کہ ہمارے یہاں کا پڑھا ہوا بچہ وہاں پہنچ گیا ورنہ خدا جانے کتنے مسلمان اس ملک میں ایسے دفن ہو گئے ہوں گے۔ ایک اور واقعہ سنا جس سے بڑی عبرت ہوئی کہ ایک مصری عالم کا انتقال ہوا جن کی بیگم امریکن تھی، مسلمانوں کا قبرستان ذرا دور تھا تو عیسائیوں کے قبرستان میں انہیں دفن کر دیا گیا۔ یہ چیزیں وہ ہیں کہ جنہیں ایک مسلمان خواب میں دیکھ لے تو چیخ اٹھے کہ یا اللہ خیر فرما، تو ہی حفاظت فرما، چہ جائیکہ یہ واقعات عام ہو جائیں اور ہم سن کر اپنی کوئی فکر نہ کریں۔

## دوہرا خطرہ

بھائیو! اپنی فکر کرو، اپنی اولاد کے اسلام پر قائم رہنے کا بندوبست کرو، ورنہ آپ لوگوں کا یہاں رہنا

بقیہ ص ۱۲ پر

© rasailojaraid.com